6892 ـ ميڈيكل چيك اپ كى فيس پيشگى ادا كرنا

سوال

ہاسپٹل كا مالك كہتا ہے كہ بيس ميڈيكل چيك اپ كے ليے پانچ سو ريال ادا كريں، چاہے يہ چيك اپ مرض كى بنا پر ہو يا عمومى چيك اپ اس رقم ميں بيس مرتبہ ايك سال كے اندر اندر چيك اپ كروايا جا سكتا ہے، اور اگر بيس بار چيك اپ ہو گيا تو يہ اس پانچ سو ريال كے بدلے ميں ہوگا، ليكن اگر بيمار نہ ہونے يا عمومى چيك اپ نہ كروانے كى بنا پر يہ تعداد پورى نہ ہو تو پانچ سو ريال ميں سے كچھ واپس نہيں كيا جائيگا، كيا ايسا كرنا صحيح ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے يہ سوال فضيلۃ الشيخ محمد بن صالح العثيمين رحمہ اللہ تعالى كے سامنے ركھا تو ان كا جواب تھا:

ـ وہ ايك معين تعداد پر متفق ہوئے ہيں ؟

ـ جى ہاں

ـ اس ميں كوئى حرج نہيں.

سوال:

اگر وہ يہ بيس كى تعداد پورى نہيں كرتا كيونكہ وہ بيمار نہيں ہوا يا پھر اس نے سستى كى اور چيك اپ كے ليے نہيں آيا تو يہ پانچ سو ريال ختم ہو جائينگے ؟

جواب:

اس كا معنى يہ ہوا كہ اس نے اپنے حق ميں كوتاہى كى ہے.

سوال:

جى ہاں، يعنى اس نے اپنا حق ساقط كر ديا ہے مثلا تو اس ميں كوئى حرج نہيں ؟

جواب:

اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ معلوم ہے.

واللہ اعلم